# سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ 1997
# SINDH ACT NO.IV OF 1997
# سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی، ایکٹ 1997
# THE SINDH IRRIGATION AND DRAINAGE AUTHORITY ACT, 1997
## (CONTENTS) فہرست


تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

2. تعریف
Definitions

3. اتھارٹی کا قیام
Establishment of the Authority

4. اتھارٹی کی تشکیل کا بورڈ
Board of Constitution of the Authority

5. اتھارٹی کا اجلاس
Meeting of Authority

6. نوٹی فکیشن
Notification

7. بورڈ آف مینجمنٹ
Board of Management

8. اتھارٹی کے اختیارات اور ذمہ داریاں
Power and Duties of the Authority

9. اتھارٹی کی طرف سے زمین کی طلبی
Acquisition land by the Authority

10. لوکل باڈیز کے دوسری ایجنسیز کے لئے انتظام
Arrangement with Local Bodies for other Agencies

11. صوبائی پانی کے وسائل پر ضوابط
Control over Provincial Water Resources

12. دفاتر کے ملازمین کی مقرری
Appointment of 13 offices servants

13. انتظامی اختیارات
Disciplinary Powers
14. اتھارٹی اور ملازمین کو رعایت
Immunity of the Authority and employees
15. اختیارات کی منتقلی
Delegation of Powers
16. صوبائی ایریگیشن اینڈ پاور ڈپارٹمنٹ میں کام کرنے والے افراد
Persons serving in the Provincial irrigation and Power Department
17. اتھارٹی فنڈ
Authority Fund
18. اتھارٹی ایک مکانی اتھارٹی سمجھی جائے گی
Authority to be deemed to be a local Authority
19. محدود ذمہ داری
Limited Liability
20. پانی کی فراہمی کے لئے نرخ مقرر کے کا طریقہ کار
Procedure of fixation of rates for supply of water
21. سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور آڈٹ
Annual financial statements and audit
22. ایریا واٹر بورڈ کا قیام
Establishment of Area Water Board
23. بورڈ کا اجلاس
Meeting of the Board
24. ایریا واٹر بورڈ کا کام
Function of Area Water Board
25. سالانہ رپورٹس اور ریفرنس جمع کرانا
Submission of yearly reports and returns
26. نقصان کی تلافی
Compensation for loss
27. حقوق اور ذمہ داریوں کی منتقلی
Transfer of rights and liabilities
28. قواعد
Rules

.29 ضوابط
Regulations
.30 رکاوٹیں ہٹانا، اس ایکٹ کی گنجائشوں کا دوسرے قوانین پر اثرانداز ہونا
Removal of difficulties provisions of this Act to over ride other Laws
.31 1997 کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.III of 1977

# سندھ ایکٹ نمبر IV مجریہ 1997
# SINDH ACT NO.IV OF 1997
## سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی، ایکٹ 1997
## THE SINDH IRRIGATION AND DRAINAGE AUTHORITY ACT, 1997

[15 ستمبر 1997]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کے ذریعے صوبہ سندھ میں ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی قائم کی جائے گی۔
جیسا کہ صوبہ سندھ میں پانی کی برابر تقسیم اور ڈرینج اور سیلاب پر ضوابطے کو کارآمد بنانے کے لئے کثیر مدت والی بنیادوں پر مخیر افراد کے تعاون سے آبپاشی اور ڈرینج کے کاموں کے انتظام اور اس سے متعلقہ معاملات کے لئے ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی کا قیام ضروری ہوگیا ہے۔
جس کو اس طرح سے عمل میں لایا جائے گا:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

.1 (1) اس ایکٹ کی سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی ایکٹ، 1997 کہا جائے گا۔
(2) اس کی پوری صوبہ سندھ میں توثیق کی جائے گی۔

تعریف
Definitions

(3) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔
2. یہ آرڈیننس میں جب تک کچھ مفہوم اور مضمون کے متضاد نہ ہو، تب تک :
(i) ''اتھارٹی'' سے مراد دفعہ 3 کے تحت قائم کی گئی سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی؛
(ii) ''AWB'' سے مراد دفعہ 23 کے تحت قائم کیا گیا ایریا واٹر بورڈ؛
(iii) ''بورڈ '' سے مراد دفعہ 7 کے تحت بنایا گیا بورڈ آف مینجمنٹ ؛
(iv) ''کینال'' سے مراد ایک کینال جیسا کہ 1879 کے سندھ ایریگیشن ایکٹ میں بیان کیا ہے؛
(v) ''چیئرمین'' سے مراد اتھاٹی کا چیئرمین ؛
(vi) ''ڈرین'' سے مراد قدرتی نالی، سطح یا نیم سطح پر بہنے والی نالی، یا نیکال کا وہ ذریعہ جسے کھدائی کرکے بنایا جائے تا کہ اضافی مٹی اور پری سطح والا پانی زمین سے کینال سسٹم ذریعے نکالا جا سکے۔
(vii) ''ڊرينيج سيس'' مطلب نالين منجهان گندگي جي نيڪال لاءِ اوڳاڙي ويندڙ ڊرينيج سيس؛
(viii) ''FO'' سے مراد دفعہ 26 کے تحت بنائی گئی فارمرز آرگنائیزیشن ؛
(ix) ''حکومت'' سے مراد سندھ حکومت ؛
(x) ''لوکل کائونسل'' سے مراد لوکل گورنمنٹ ایکٹ، 1979 کے تحت بنائی گئی لوکل کائونسل؛
(xi) ''مینجنگ ڈائریکٹر''سے مراد اتھارٹی کا مینجنگ ڈائریکٹر؛
(xii) '' میمبر'' سے مراد اتھارٹی کا میمبر؛
(xiii)'' بیان کیا گیا '' سے مراد اس ایکٹ کے تحت قواعد یا ضوابط کے مطابق بیان کئے گئے؛
(xiv) ''ضوابط'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے ضوابط؛
(xv) ''قواعد'' اس ایکٹ کے تحت بنائے گئے قواعد؛
(xvi) ''واپڈا'' سے مراد واٹر اینڈ پاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی ؛

اتھارٹی کا قیام
Establishment of the Authority

اتھارٹی کی تشکیل کا بورڈ
Board of Constitution of the Authority

(xvii) ”پانی“ میں شامل ہے ٹھرا پانی یا جو سطح پر نیم سطح پر موجود ہو یا ٹھرایا جائے، پھر چاہئے وہ کسی صوبے میں ہو پر اس میں وہ پانی شامل ہے جو دوسرے صوبے کے پانی کے ذخیروں اور یا ندیوں اور کینالوں میں سے دوسرے صوبے کو الاٹ کیا جائے۔

(xviii) ”پانی کے نرخ“ سے مراد واٹر اپورشنمینٹ اکارڈ 1991 کے تحت قیمت، پانی کی فراہمی پر وصول کی جائے۔

3. (1) جتنا جلد ممکن ہو سکے، اس ایکٹ کی شروعات کے بعد ایک اتھارٹی قائم کی جائے گی جس کو سندھ ایریگیشن اور ڈرینج اتھارٹی کہا جائے گا۔

(2) اتھارٹی باڈی کارپوریٹ ہوگی جس کو ملکیت حاصل کرنے، رکھنے اور نیکال کرنے کے اختیارات کے ساتھ حقیقی وارثی اور عام مہر ہوگی اور بیان کئے گئے نام سے کیس کر سکتی ہے اور اس پر کیس ہو سکتا ہے۔

(3) اتھارٹی کے ہیڈ کوارٹرز حیدرآباد میں ہونگے۔

اتھارٹی کا اجلاس
Meeting of Authority

4.(1) اتھارٹی مندرجہ ذیل پر مشتمل ہوگی؛

| | |
|---|---|
| (a) آبپاشی والا وزیر حکومت کی طرف سے مقرر کیا گیا کوئی دوسرا شخص | چیئرمین |
| (b) بورڈ آف روینیو کا سینئر میمبر | میمبر |
| (c) پلاننگ اور ڈیولپمنٹ ڈپارٹمنٹ | میمبر |
| (d) سیکریٹری فنانس ڈپارٹمنٹ | میمبر |
| (e) ایریگیشن اور پاور ڈیولپمنٹ کا سیکریٹری | میمبر |
| (f) سیکریٹری ایگریکلچر ڈپارٹمنٹ | میمبر |
| (g) اتھارٹی کا مینجنگ ڈائریکٹر | میمبر |
| (h) فارمرز آرگنائیزیشن کا ایک نمائندہ | میمبر |

(2) چیئرمین سوائے ایکس آفیس چیئرمین اور میمبر سوائے ایکس آفیسو چیئرمین اور میمبر سوائے ایکس آفیسو میمبر کے۔ جب تک کہ پیشگی استعیفیٰ نہ دیں یا ہٹائے نہ جائیں۔ چار سالوں کے لئے عہدہ رکھیں

گے اور دوبارہ اتنے ہی عرصے کے لئے مقرری کے اہل ہونگے۔

(3) ایسے چیئرمین یا میمبر کی موت، استعیفیٰ یا برطرفی کی صورت میں دوسرا کوئی چیئرمین یا جیسا معاملہ ہو، میمبر اس کی جگہ پر ایسے چیئرمین یا میمبر کی بقایا مدت کے لئے مقرر کیا جائے گا۔

نوٹی فکیشن
Notification

(4) چیئرمین یا میمبر اپنی دست تحریر سے اپنے عہدے سے استعیفیٰ دے سکتا ہے پر اس پر ا وقت تک عملدار آمد نہیں ہوگا، جب تک کہ وہ حکومت کی طرف سے منظور نہ کیا جائے۔

5. (1) اتھارٹی کا کم از کم تین مہینے میں اجلاس ہوگا۔

(2) اتھارٹی کے اجلاس ایسےوقت اور ایسی جگہوں پر اور ایسے طریقے سے بلایا جائے گا جیسا کہ ضوابط میں بیا ن کیا گیا ہو یا جب تک اس سلسلے میں ضوابط نہیں بنائے گئے ہوں اور تب جب چیئرمین کی طرف سے بلایا جائے ۔

(3) جب تک ذیلی دفعہ (1) کے متضاد نہ ہو، چیئرمین اتھارٹی کا اجلاس طلب کر سکتا ہے جب تک کہ تین یا اس سے زائد میمبر تحریر میں ایسے اجلاس طلب کرنے کی درخواست کریں۔ ایسے اجلاس کے لئے درخواست کے سلسلے میں کم از کم سات دن کے نوٹس دینے کے بعد نوٹس ملنے کے پندرہ دن کے اندر اجلاس بلایا جائے گا۔

بورڈ آف مینجمنٹ
Board of Management

(4) اتھارٹی کے اجلاس کے لئے میمبرز کا کورم تین میمبرز پر مشتمل ہوگا۔

(5) چیئرمین یا اس کی غیر حاضری میں، میمبرز کی طرف سے منتخب کوئی میمبر اجلاس یا اتھارٹی کے ایسے اجلاس یا اتھارٹی کے ایسے اجلاس کی صدارت کرے گا۔

(6) ووٹوں کے برابر ہونے کی صورت میں، چیئرمین یا اجلاس کی صدارت کرنے والا میمبر کو ایک کاسٹنگ ووٹ حاصل ہوگا۔

(7) چیئرمین اور میمبر کو ایسے الائونس حاصل ہونگے جو اتھارٹی کی طرف سے اتھارٹی کے اجلاس کے لئے بیان کئے گئے ہوں۔

6. حکومت نوٹی فکیشن کے ذریعے ایکس آفیشو چیئرمین اور میمبرز کے سوا چیئرمین یا میمبر کو ہٹا سکتی ہے:

اگر وہ:

(a) اس ایکٹ کے تحت اپنی ذمہ داریاں نبھانے کا اہل نہیں ہے؛ یا

(b) اس کا دیوالیہ نکل گیا ہے ؛ یا

(c) ملازمت کے لئے نااہل قرار دیا گیا ہے یا سرکاری نوکری میں سے برطرف کیا گیا ہے۔یا بداخلاقی کے جرم اسے سزا سنائی گئی ہے ؛

(d) دانستہ طور پر حاصل کی گئی ہے یا بنا اجازت کے جاری رکھی گئی ہے۔ تحریر میں، حکومت کی واسطہ یا بالواسطہ طریقے یا حصے داری کے ذریعے، کوئی حصہ یا دلچسپی کسی بھی ٹھیکے یا اس کے ساتھ ملازمت میں، اتھارٹی کی طرف سے یا کسی زمین میں ملکیت میں جو اس کی معلومات کے مطابق فائدہ مند ہے یا اتھارٹی کے آپریشنز کے نتیجے میں فائدہ دیا ہے؛

بشرطیکہ ہمیشہ اس دفعہ کے تحت کوئی بھی قدم چئرمین یا میمبر کے خلاف ان کو سننے کا موقعہ دینے کے بنا نہیں اٹھایا جائے گا۔

اتھارٹی کے اختیارات اور ذمہ داریاں
Power and Duties of the Authority

7. (1) اتھارٹی کے تمام ضوابط اور رہنمائی کے مطابق، اتھارٹی کے روزمرہ کےمعاملات بورڈ آف مینجمنٹ کی طرف سے چلائے جائیں گے۔ جو مینجنگ ڈائریکٹر جنرل مینجرز چار سے کم نہ ہوں پر مشتمل ہوگا جن کو اتھارٹی کی طرف سے حکومت کی منظوری سے مقرر کیا جائے گا۔

(2) مینجنگ ڈائریکٹر اور جنرل مینجرز کو ایسے متعلقہ شعبے میں ملازمت میں درکار قابلیت کے مطابق، ٹیکنیکل جیک گرائونڈ اور عملی تجربہ

حاصل ہوگا، جو مینجنگ ڈائریکٹر اور جنرل مینجرز کے لئے ترتیب وار بیان گیا ہو۔ جو کم از کم پچیس سال اور پندرہ سالوں کا آبپاشی اور ڈرینج کے میدان میں ترتیب وار تجربہ رکھتے ہوں۔

(3) مینجنگ ڈائریکٹر یا جنرل مینجر کو ہٹا یا جا سکتا ہے اگر دفعہ 6 میں بیان کی گئی نا اہلیوں میں کوئی بھی ان میں موجود ہوں۔

(4) اس دفعہ کی دوسری گنجائشوں کے مطابق مینجنگ ڈائریکٹر اور جنرل مینجر ایسی شرائط اورضوابط کے مطابق مقرر کئے جائیں گے، جیسا کہ قواعد میں بیان کیا گیا ہو۔

(5) مینجنگ ڈائریکٹر اور جنرل مینجرز جب تک وہ استعیفیٰ نہ دیں یا انہیں ہٹایا جائے۔ چار سالوں تک عہدہ رکھیں گے اور دوبارہ اتنی ہی مدت کے لئے مقرری کے اہل ہونگے یا ایسے مختصر عرصے کے لئے جیسا حکومت طے کرے۔

(6) مینجنگ ڈائریکٹر یا کوئی جنرل مینجر کسی بھی وقت پر استعیفیٰ دے سکتا ہے، بشرطیکہ اس کا استعیفیٰ اس وقت تک کا اگر نہ ہوگا جب تک وہ حکومت کی طرف سے قبول نہ کیا جائے۔

## باب -III

## اتھارٹی کے اختیارات اور ذمہ داریاں

8. اتھارٹی کے مندرجہ ذیل اختیار اور ذمہ داریاں:

(A) عام۔

(1) واٹراپورشنمنٹ اکارڈ 1991 کی گنجائش کے مطابق، صوبے کے اندر بیراجوں کا پانی حاصل کرنے اور یا انٹر پراونشلز لنک کینالوں کے ذریعے پانی حاصل کرنے اور ویسا ہی مختلف AWB’s باڈیز منظوری کی گئی مقدار میں پہنچانے یا افراد کو اس طریقے اور ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق جیسا اتھارٹی کی طرف سے متعلقہ کینال ہیڈ پوائنٹس پر بیان کیا گیا ہو اور وہی انٹر پراونشل آئوٹ فال ڈرینز میں فراہم کرنا۔

(2) آبپاشی ایکٹ 1879 اور قواعد کے تحت حکومت کے ایسے اختیارات استعمال کرنا، جو اس ایکٹ، کے قواعد یا ضوابط سے ٹکراوء یا تضاد میں نہ ہوں۔
(3) واٹر، ریٹ اور ڈرینج سیس لگانا اور جمع کرنا، اس ریٹس اور سیس کی دیر ادائیگی پر۔
(4) اس ایکٹ کے تحت کسی بھی خدمت کی فراہمی پر فیس یا قیمت بیان کرنا یا وصول کرنا۔
(5) اس ایکٹ کے تحت اتھارٹی کی طرف واجب الادا کوئی رقم لینڈ ریوینو کی مدد میں وصول کرنا؛
(B) پالیسی اور ریگیولیشن:
(1) اس ایکٹ کی گنجائش کی بہتر اور موثر نمونے عملدار کے لئے پالیسی گائیڈ لائسنس اور طریقہ کار بنانا اور عمل درآمد کرنا۔
(2) واٹر ریسورز سیکٹر میں پانی کے وسائل کہ بہتر بنانے اور مفید اکنامیکل اور موثر استعمال محفوظ بنانے اور بہتری لانے کے مقاصد حاصل کرنا اور پانی کے ایسے وسائل کو پائیدار بنیادوں پر موثر بنانے کے لئے پالیسیاں بنانا اور ان پر عمل درآمد کرانا؛
(3) تربیت کی مطلوبہ درکار ضروریات اور پرورگرام بیان کرنا، جو اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے ضروری ہو سکتے ہیں اور ایسی تربیت اور پروگرامز کے لئے طریقہ اور اختیارات بیان کرنا۔
(4) کسی بھی تکرار پر شکایات کی جاچ کرنا اور ان کو حل کرنے اور یا اس ایکٹ کے تحت قائم کئے گئے مختلف اداروں اور فرد یا افراد کے گروہوں کے درمیان میں فرقوں کے متعلق جاچ کرنا اور حل کرنا؛
(5) پانی دینے کے سلسلے میں دستاویزات حاصل کرنا اور پر کرنے کے طریقے کار بیان کرنا؛
(6) لائسنس اور لیز جاری کرنا دوبارہ نیا کرنا یا رد کرنا جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔
(C) اہم آپریشنز۔

(1) آبپاشی کے بہاوء، پانی کے ذخیروں اور سیلاب سے بچاوء کے طریقے، جس میں شامل ہیں۔ پہاڑوں سے نیچے اترنے والا پانی ، آبپاشی کی ترقی کے کام اور زیریں اور ٹھہرا پانی یا ندی کے بہاوء کے متعلق منصوبہ بندی کرنا، بنانا، تعمیر کرنا، عمل میں لانا اور اس کو قائم کرنا؛

اتھارٹی کی طرف سے زمین کی طلبی
Acquisition land by the Authority

(2) ریکارڈ، رجسٹرز اور ڈیٹا بینکس میں رکھنا جیسا کہ اس ایکٹ کے تحت اس کے تمام یا کچھ اختیارات اور ذمہ داریوں کی مفید کارکردگی کے لئے ضروری ہو؛

لوکل باڈیز کے دوسری ایجنسیز کے لئے انتظام
Arrangement with Local Bodies for other Agencies

(3) ایسے تمام اقدام لینا جو حددخلیوں اور اتھارٹی کی جائیدادوں سے غیر قانونی تعمیر کو ہٹانے اور محفوظ بنانے کے لئے ضروری ہوں۔

(4) اتھارٹی کے سامان، مشینری اور اسٹورز کی مفید نمونے اور صنعتی طریقے سے سنبھالنے اور رکھنا؛

(5) گرانے والے آپریشن کرنا یا کسی اور افراد کو سونپنا، بشمول جنگلات کی حفاظت اور دریاہ کے طاس والے علائقوں میں جنگلات کی کٹائی، پہاڑوں، سیلاب یا ندیوں اور صفائی کے مقاصد کے لئے اور جیسا ضروری طور پر منع کئے گئے پابندی میں مصروف ہو۔

صوبائی پانی کے وسائل پر ضوابط
Control over Provincial Water Resources

(D) مالیات اور انتظام ؛

(1) کوئی بھی کام کرنا، خرچ حاصل کرنا، مشینری پلاٹ مہیا کرنا اور اتھارٹی کو مطلوبہ اسٹورز مہیا کرنا؛

(2) ایسے تمام ٹھیکوں کے متعلق بات چیت کرنا اور تیار کرنا، طے کرنا جیسا کہ اس ایکٹ کے مقصد حاصل کرنے کے لئے ضروری سمجھے یا ضروری ہو۔

دفاتر کے ملازمین کی مقرری
Appointment of 13 offices servants

(3) اس ایکٹ کے تحت اتھارٹی کے مختلف کاموں کی کارکاردگی کے سلسلے میں کئے گئے کاموں پر خرچ اور قیمت کے لئے اتھارتی فنڈ استعمال کرنا بشمول تنخواہوں کی ادائیگی گریجوئٹی، پنشن اور عملداروں،

ملازموں اور اتھارٹی میں دوسرے افراد کی دوسری مراعات ۔
(4) مالیات کو بہتر نمونوے سنھبالنا اور اتھارٹی کے اکائونٹس اور اثاثوں کا انتظام کرنا۔
(E) منتقلی؛
(1) AWBs/FOs کی تشکیل، اضافہ اور ترقی کی حوصلہ افزائی تاکہ اپنی مدد آپ کی جائے اور مالیاتی طور پر اپنے پیرول پر کھڑے اداروں اور اس سلسلے میں اتھارٹی کی آپریشنز میں منظم طور اور انتظامی طور پر مقرریاں کرنا۔
(2) تیاری کرنا یا تیاری کا سبب بننے اور عملے اور آپریشنل اور مالیاتی منصوبوں کو روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنا یا اپ ڈیٹ کرنے کا سبب بننا، جو عام طور پر مندرجہ ذیل پر عمل کرینگے اور ایسے معاملات کی عکاسی کرنا جیسا کہ بیان کیا گیا ہو۔
(3) ایسے طریقے سے حکمت عملیاں بنانا جس سے اس ایکٹ کے تحت اتھارٹی اور دوسری متعلقہ فریقین کو مکمل طور پر سرگرم رکھا جا سکے اور خود انحصاری دی جا سکے۔ اور ان کو مالی حوالے سے خود کفیل یا جا سکے تا کہ آبپاشی اور ڈرینج کے سسٹم کو فعال بنایا جا سکے یا برقرار رکھا جا سکے جیسا کہ باب نمبر V میں کہا گیا ہے اور یہ کام سات سے دس سال کے عرصے کے اندر ہو سکے۔
(F) تحقیق اور ترقی؛
(1) حکمت عملیاں، تعلیمی اور تحقیقی پروگرام بنانا، عمل درآمد کرانا اور ان کو روزانہ کی بنیاد پر اپ ڈیٹ کرنا تا کہ سیم و تھور کے مسئلے کو حل کر کے ختم کر کے بچا جا سکے اور آبپاشی زراعت کو ترقی دی جا سکے ؛
(2) اتھارٹی کے آپریشنز اور حکمت عملیوں کو روزانہ کی بنیاد پر تجزیہ کرنا اور حساب لگانے کے لئے پڑھائی کا انتظام کرنا، ماحولیات اور ماحول پر تاکہ ایسی حکمت عملیوں اور کاموں کے نقصانات کو

انتظامی اختیارات
Disciplinary Powers

اتھارٹی اور ملازمین کو رعایت
Immunity of the Authority and employees

اختیارات کی منتقلی
Delegation of Powers

صوبائی ایریگیشن اینڈ پاور ڈپارٹمنٹ میں کام کرنے والے افراد
Persons serving in the Provincial irrigation and Power Department

کم کیا جا سکے اور مزید اقدام کے لئے زیادہ سے زیادآپشنز کو استعمال میں لایا جا سکے۔
(3) ایسے اقدام جو لئے جا سکے، سطح پر موجود پانی کی ریکارڈنگ ماپ کرنے کے لئے مدد کرنا، انتظام کرنا، زمینی پانی کے ٹیبل کی نظرداری اور پانی کے معیار اور اس سے متعلقہ اعداد و شمار جمع کرنا اور اس سلسلے میں قائم کرنا اور روزانہ کی بنیاد پر صوبے میں اسی قسم کے کام کرنے کے لئے خاص رابطہ ؛

اتھارٹی فنڈ
Authority Fund

(4) مختلف حکمت عملیاں، تفصیل ، ڈیٹا اور اتھارٹی کے معاملات سے متعلق معلومات شائع کرنا اور شائع ہونے کا سبب بننا، روزانہ کی بنیاد پر اور عوام کی پہنچ تک یقینی بنانا۔

9. ٹھیکداری خدمات؛
اتھارٹی تحریری میں معائدے کے تحت شرائط اور ضوابط کے مطابق اسی طرح ادائیگی کی حد اور طریقے سمیت فنی نظرداری کی کسی ایکم مکمل کرنے اور بنانے یا حکومت یا کسی دوسری ایجنسی کے تعاون سے کسی ایکم پر انتظامی اور مالیاتی ضابطہ رکھنا۔

اتھارٹی ایک مکانی اتھارٹی سمجھی جائے گی
Authority to be deemed to be a local Authority

10. کسی زمین کی حاصلات اور کسی زمین میں دلچسپی کے لئے اتھارٹی اس ایکٹ کے مقاصد یا کسی اسکیم کے لئے عوامی مقاصد کے لئے حاصلات سمجھی جائے گی۔
جس کی اہمیت اوراور مقاصد زمین حاصلات ایکٹ 1894 کے مطابق ہوگی جس کی گنجائیشیی لاگو ہونگی۔

محدود ذمہ داری
Limited Liability

پانی کی فراہمی کے لئے نرخ مقرر کے کا طریقہ کار
Procedure of

11. (1) جتنا جلد اتھارٹی کی طرف سے اسکیم پوری کی جا سکے یا دیر سے جس تاریخ سے اتھارٹی لوکل کائونسل یا دوسری ایجنسی سے تحریر میں معاہدے کے ذریعے انتظام کرے۔ جس کے دائرہ اختیار میں اسکیم کے زیر استعمال کوئی مخصوص ایراضی آتی ہو۔ قبضہ لینا ہو یا ایسی اسکیم میں بیان کی گئی

ایراضی میں کوئی بھی کام ہوتے ہوں۔

fixation of rates for supply of water

(2) حکومت اتھارٹی کو اس کی طرف سے مکمل کی گئی کوئی بھی اسکیم حکومت کی کسی ایجنسی یا لوکل کائونسل حوالے کرنے کی ہدایت کر سکتی ہے یا کسی بھی ایجنسی کی طرف سے مکمل کی گئی ایسی اسکیموں کو ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق قبضہ لے سکتی ہے جیسا کہ حکومت کی طرف سے طے کیا گیا ہو۔

(3) اتھارٹی کو صوبے میں واپڈا کی طرف سے جاری کاموں کی جاچ پڑتال کی نظراندازی اور مشورہ دینے کا اختیار حاصل ہوگا۔

12. واٹر اپورشمنٹ اکارڈ (1991) کی متعلقہ گنجائش کے مطابق اتھارٹی کو تمام دریاوءں، کینالوں، نالوں، ندیوں، جھیلوں ایسے ذخیروں کو جو واپڈا کے زیر انتظام ہو اور صوبے کے اندر زمین کے زیر سطح پانی کے تمام ذخیروں پر ضابطہ حاصل ہوگا۔

## باب -IV
## انتظامیہ

سالانہ مالیاتی اسٹیٹمنٹس اور آڈٹ

Annual financial statements and audit

13. (1) اس ایکٹ کی کچھ دوسری گنجائشوں کے مطابق اتھارٹی وقت بوقت ایسے عملداروں اور ملازموں کو ملازمت پر رکھ سکتی ہے یا ضوابط کے مطابق مقرر کر سکتی ہے جیسا وہ اپنی کارکردگی کے لئے ضروری سمجھے۔ بشرطیکہ اتھارٹی ماہر اور کنسلنٹس ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق مقرر کرسکتی ہے جیسا وہ مناسب سمجھے۔

(2) جب تک کچھ ذیلی دفعہ (1) کے متضاد نہ ہو کوئی بھی بنایا گیا ضابطہ یا اتھارٹی کی طرف سے جاری کیا گیا حکم ہدایات، اتھارٹی کسی بھی وقت کسی موزون مقصد کے لئے کسی بھی شخص کو کم از کم نوے دن کے نوٹس دینے کے بعد ملازمت سے ہٹایا یا برچرف کر سکتی ہے یا نوے دن سے کم عرصہ ہونے پر ادائیگی کر سکتی ہے۔

14. اتھارٹی اپنے عملداوں اور ملازموں کے خلاف

ضوابط کے مطابق انتظامی کاروائی کرنے کے لئے بااختیار ہوگی۔

15. (1) مینجنگ ڈائریکٹر بورڈ کے میمبر، عملدار اور اتھارٹی کے ملازم جب اس ایکٹ کی گنجائش کے مطابق کام کر رہے ہوں۔ پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 21 کے تحت انہیں سرکاری ملازم سمجھا جائے گا۔

(2) اس ایکٹ کے تحت اچھی نیت سے کئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر اتھارٹی مینجنگ ڈائریکٹر، میمبرز یا عملداروں اور اتھارٹی کے ملازموں کے خلاف کوئی بھی مقدمہ، کیس یا قانونی کاروائی نہیں ہو سکے گی۔

16. اتھارٹی عام یا خاص حکم کے ذریعے اپنے اختیارات میں سے کوئی بھی اختیار اس ایکٹ کے تحت ایسی شرائط کے مطابق جیسے وہ عائد کرنا چاہے۔ مینجنگ ڈائریکٹر، بورڈ کے میمبر یا عملدار یا اتھارٹی کے ملازمین کو سونپی جا سکتی ہے۔

ایریا واٹر بورڈ کا قیام
Establishment of Area Water Board

17. (1) صوبائی ایریگیشن اینڈ پاور ڈیپارٹمنٹ کے ایریگیشن ونگ کے تمام ملازم سوائے اسے ملازمین کے جیسا کہ اس سلسلے میں دوسری کسی بھی گنجائش کے مطابق، اس ایکٹ کی شروعات سے منتقل ہو جائیں گے اور اتھارٹی کے ملازم ہو جائیں گے۔

(2) ذیلی دفعہ (1) کے تحت ملازم اتھارٹی میں ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق خدمت سرانجام دیں گے جیسا کہ قواعد میں بیان کیا گیا ہو پر ایسی شرائط اور ضوابط ان کو پہلے سے دی گئی شرائط اور ضوابط سے کم فائدہ مند نہیں ہونگے۔ بشرطیکہ اتھارٹی کسی بھی ملازم کے خلاف انتظامی کاروائی کے لئے مجاز ہوگی۔

(3) حکومت پنشن اور گریجوئٹی کی مد میں مالی مدد کرے گی اور ایسے ملازمین کا پرووڈنٹ فنڈ قواعد

کے مطابق اتھارٹی کی طرف منتقل کرے گی۔ بشرطیکہ جب تک کچھ انڈسٹریل ریلشنز آرڈیننس 1969 کے متضاد نہ ہو، لاگو ہوگا یا اتھارٹی کے سلسلے میں لاگو ہوگا۔

**باب -V**

**مالیات**

18. (1) ایک فنڈ ہوگا ، جو ''اتھارٹی فنڈ'' کے طور پر جانا جائے گا اور اتھارٹی میں جمع ہوگا۔

(2) اتھارٹی فنڈ مشتمل ہوگا:

بورڈ کا اجلاس
Meeting of the Board

(a) اتھارٹی کی طرف سے پانی کی قیمت، فروخت اور ڈرینج سیس میں سے حاصل کی گئی تمام رقوم؛

(b) حکومت کی طرف سے گرانٹ کی گئی؛

(c) حکومت سے حاصل کیا گیا قرض؛

(d) لوکل کائونسل کی طرف سے کی گئی گرانٹس جو حکومت طرف سے مطلوب ہوں؛

ایریا واٹر بورڈ کا کام
Function of Area Water Board

(e) بانڈز کی فروخت یا حکومت کے زیر اختیار دوسرے جاری کئے قرض کے دستاویز؛

(f) حکومت کی منظوری سے اتھارٹی کی طرف سے حاصل کیا گیا قرض؛

(g) حکومت کی منظوری اور ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق جیسی حکموت کی طرف سے منظوری دی جائے۔ اس کے تحت وفاقی حکومت سے مشاورت کے بعد حاصل کی گئی بیرونی اور مختلف بییرونی ایجنسیز سے حاصل کیا گیا فرض؛

(h) اتھارٹی کی طرف سے وصولی لائق دوسری تمام رقوم -

19. لوکل اتھارٹیز نوٹس ایکٹ 1914 کے تحت اتھارٹی بیان کئے گئے ایکٹ کے تحت رقم ادھار لینے کے لئے ایک لوکل اتھارٹی سمجھی جائے گی اور اس ایکٹ کے تحت کوئی اسکیم بنانے اور اس پر کام کرنے کے لئے ایسا کام سمجھا جائے گا جس کے ایسی اتھارٹی کو قانونی طور پر کام کرنے کے لئے بااختیار بنایا گیا ہے۔

20. اتھارٹی کی پیسہ جمع کروانے والوں کی ذمہ داری اور حکموت کی طرف سے کئے گئے گرانٹ کی مد میں محدود ہوگی اور اتھارٹی کی طرف سے حکومت کی منظوری سے قرض جمع کیا جائے گا۔

21. (1) اتھارٹی عام طور پر مختلف علائقوں میں پانی کی منصفانی اور موزوں بنیادوں پر فراہمی کرے گی۔

(2) نرخ جن پر اتھارٹی پانی کی فراہمی کرے گی اس طرح سے طے کئے جائیں گے تاکہ پانی کی فراہمی والے کام اور مرمت کی قیمت کی ضروریات کو سات سے دس سالوں تک پورا کیا جاسکے: بشرطیکہ موجود نرخ میں کسی اضافی تجویز کرنے سے پہلے یا اسی پر راضی ہونے سے پہلے اتھارٹی متعلقہ AWBs مندرجہ ذیل اقدام لے گی اور مقدار کو گھٹانے کے لئے اپنی کوشش کرے گی۔

(i) نرخ میں کمی؛

(ii) پانی کے نرخ اور ڈرینج سیس کی تشخیص اور جمع کرنے میں اصلاحات؛

(iii) واجبات کی وصولی؛

(iv) نان فارمنگ فینفیشریز سےڈرینج فلڈ کنٹرول کی فراہمی کی وصولی یا قیمت؛

(v) اسکارپ علائقوں میں تازہ پانی کے ٹیوب ویلز کی ڈس انوسمینٹ ؛

(3) آبادگاروں سے آبپاشی کی صورت میں O اور M جز وصول کئے جائیں گے جو آبپاشی کینالوں اور سیکنڈری ڈرینز کی مکملO اور M قیمت کے برابر ہونگے۔

(4) O اور M سیلاب سے بچاوء کی قیمت اور پبلک سیکٹر FWO ٹیوب ویلز آبپاشی میں لگائے جائیں گے۔ نام سے ایک نبست SGW ٹیوب ویل کی قیمت O اور M کی (پانچ سے دس فی صد) برابر برداشت کی جائے گی۔ اگر بعد میں کسی بھی وقت اتھارٹی کی طرف سے ضرورت محسوس کی جائے۔

سالانہ رپورٹس اور ریفرنس جمع کرانا

22. (1) اتھارٹی ہر مالی سال کے پوری ہونے کے چھ

Submission of yearly reports and returns

ماہ کے بعد نہ ہو۔ مالیاتی اسٹیٹمنٹس بنائے گی جس میں فائل کے آخر میں مالیاتی سال کی بیلنس شیٹ رقم اور مالی سال کے لئے اکائونٹ کا خرچ شامل ہوگا اور مالی پوزیشن میں تبدیلیوں کی ایک اسٹیٹمنٹ اور مالیاتی سال کے لئے فنڈز کی درخواست کا اسٹیٹمنٹ اور ان اکائونٹس کی ہر سال اتھارٹی کی طرف سے مقرر کئے گئے کمرشل آڈیٹرز سے آڈٹ کرائی جائے گی۔

(2) بیلنس شیٹ مالی سال کے پورے ہونے پر اتھارٹی کے معاملات کی صحیح اور صاف حالت بیان کرے گی اور مالی سال کے لئے اتھارٹی کی رقم، خرچ اکائونٹ کی درست اور صحیح اضافی اور کمی کے اعداد و شمار پیش کرے گی۔

(3) اکائونٹس کی کتابوں اور مالیاتی اسٹیٹمنٹس کی تیاری کے سلسلے میں پاکستان انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکائونٹس کے اکائونسٹنگ معیار کی پیروی کی جائے گی۔

نقصان کی تلافی

Compensation for loss

(4) اکائوٹننگ حکمت عملیاں مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے حصے طور پر بیان کی جائے گی۔

(5) اتھارٹی اپنے مالیاتی اسٹیٹمنٹسکے ساتھ اتھارٹی کی مالیاتی پوزیشن پر اثرات ڈالنے والے کچھ سامان کی تبدیلیوں اور وابستگی کے سلسلے میں معلومات کے اسٹیٹمنٹ دے گی۔ جو مالی سال کے دوراں کی گئی ہوں۔ جس کا مالی اسٹیٹمنٹ ہو اور ایسی تیاری جس پر وہ مالی اسٹیٹمنٹ تیار کیاگیا ہو۔

حقوق اور ذمہ داریوں کی منتقلی

Transfer of rights and liabilities

(6) ہر سال فروری کے مہینے میں اتھارٹی کو آنیوالے مالی سال کے لئے معلومات پروجیکٹڈ مالی اسٹیٹمنٹس جمع کروائے گی۔

(7) کمرشل آڈیٹر پاکستان انسٹیٹوٹ آف چارڈ اکائونٹس کی طرف سے بیان کئے گئے آڈیٹنگ کے معیار کے مطابق آڈٹ کریں گے اور آڈٹ کے متعلق رپورٹ پیش کریں گے۔

(8) اتھارٹی کمرشل آڈیٹرز کی آڈٹ رپورٹ کی نقل

اور مالیاتی اسٹیٹمنٹس کے ساتھ تفصیلی معلومات اور وضاحت آڈیٹر کی طرف سے حکومت کو دی گئی رپورٹ میں موجود مشاہدات، خدشات، قابلیت یا مخالف رائے سمیت معلومات فراہم کرے گی اور ایک نقل رپورٹ ملنے کے 30 دن کے اندر صوبے کے اکائونٹس جنرل کے پاس بھیجے گی۔

قواعد
Rules

ضوابط
Regulations

(9) اتھارٹی حکومت کی طرف سے آڈٹ رپورٹ میں کسی مشاہدے، خدشے، قابلیت یا مخالف ریمارکس پر عمل کرنے کے لئے جاری کی گئی تمام ہدایات پر عمل کرے گی۔

رکاوٹیں ہٹانا، اس ایکٹ کی گنجائشوں کا دوسرے قوانین پر اثرانداز ہونا
Removal of difficulties provisions of this Act to over ride other Laws

## باب -VI
## ایریا واٹر بورڈ

23. (1) حکومت اس ایکٹ کے لاگو ہونے کے ایک سال کے اندر AWBs کو اپنے متعلقہ علائقائی دائرہ اختیار سمیت بیان کرے گی کہ کونسے کینال کمانڈزترجیحی بنیادوں میں آئیں گے۔ بشرطیکہ ایسے AWBs کینال کمانڈز پر بیان کئے گئے AWBs کی پائلٹ اسٹڈی کامیابی سے پوری ہونے پر عمل شروع کریں گے۔

1997 کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی منسوخی
Repeal of Sindh Ordinance No.III of 1977

(2) ایریا واٹر بورڈ چیئرمین اور مندرجہ ذیل میمبرز پر مشتمل ہوگا:

(a) AWB کے زیر تحت FOs کے چیئرمین کی طرف سے منتخب FO کے دو نمائندے۔

(b) AWB کے متعلقہ علائقے میں سے ایک ایم پی اے چیئرمین سیڈا کی طرف سے نامزد کیا جائے گا۔

(c) اتھارٹی کا ایک نمائندہ

(d) حکومت کے دو نمائندے، جن میں سے ایک ایگریکلچر ڈپارٹمنٹ میں سے ہوگا۔ جس کا عہدہ ڈائریکٹر سے کم نہ ہوگا۔

(e) AWB کا ڈائریکٹر۔

(f) دو ٹیکنوکریٹس، جو (i) واٹر ریسورسز مینجمنٹ اور (ii) مالیات میں تصدیق شدہ بیک گرائونڈ رکھنے ہوں۔ وہ چیئرمین سیڈا کی طرف سے نامزد کئے جائیں

گے۔
(3) میمبر پہلے اجلاس میں خود میں سے ایک چیئرمین منتخب کریں گے۔
(4) چیئرمین بورڈ کے اجلاسوں کی صدارت کرے گا۔
(5) جہاں چیئرمین کسی سبب کی وجہ سے بورڈ کے اجلاس میں غیر حاضر رہنا ہے تو ایسے اجلاس میں موجود میمبر خود میں سے موجود کسی میمبر کو اجلاس کے چیئرمین طور منتخب کیا جائے گا۔
(6) ایکس آفیشو میمبرز کے سواء ایک میمبر جب تک وہ استعیفیٰ نہ دے یا چار سالوں کی مدت پوری نہ کرے اور وہ دوبارہ اتنے ہی عرصے کے لئے نامزدگ ی کے لئے اہل ہوگا۔
24. (1) بورڈ کا اجلاس کم از کم سال میں ہر تین ماہ بعد طلب کیا جائے گا۔ بشرطیکہ بورڈ کا چیئرمین، بورڈ کی درخواست ملنے پر تمام میمبرز کو سات دن کا نوٹس دینے کے بعد ایسی درخواست ملنے کے اس عرصے جو پندرہ دن سے زیادہ نہ ہو، اجلاس طلب کیا جائے گا۔
(2) بورڈ کے اجلاس کا کورم پانچ میمبرز پر مشتمل ہوگا۔
25. بورڈ اتھارٹی کے ضوابط اور ہدایات کے مطابق :
(1) کارآمد، مالی اور آبپاشی پانی کے موثر استعمال کے لئے حکمت عملیاں بنانا اور ان پر عمل درآمد کرانا؛
(2) یہ یقین دلانا کہ وہ اپنے جڑنے کے سات سے دس سالوں کے اند اپنی مدد آپ اور مالی طور پر اپنی مدد آپ الا مکمل طور پر کام کرنے والا ادارہ ن جائے گا۔
(3) اپنے دائرہ اختیار والے علائقوں میں آبپاشی، ڈرینج اور سیلاب پر ضابطے والے انفرا اسٹرکچر کا منصوبہ بنانا، ڈیزاٰن کرنا، تعمیری، چلانا اور انتظام

کرنا۔
(4) اتھاٹی کی طرف سے دوسرے کام سرانجام دینا۔

**باب -VII**

**کسانوں کی تنظیمیں**

26. FOS کی تشکیل
(1) ہر SIDA اور AWB اپنے قائم ہونے کے ایک سال کے اندر پائلٹ پروگرام، حکمت عملیاں واضح کریں گی اور عمل درآمد کریں گی اور اس سلسلے میں ایسے اقدام لیں گی کہ FOs مائنر ڈسٹری بیوٹری سطح پر بنائی گئی ہیں مرحلے وار اور مننظم طریقے سے متعلقہ بائی لاز اور اتھارٹی کی طرف سے بنائے گئے ضوابط کے مطابق ؛
(2) متعلقہ SIDA AWB (1) کے تحت FOs کو فعال بنائیں گی تاکہ خود کو مالی طور پر خود کفیل کر سکیں۔ اور اپنی کارکردگی کو موثر نمونے کار آمد بنانے کے لئے اس ایکٹ کے (1) کے تحت ان کی بناوٹ کی ترتیب وار تاریخوں کی زیادہ سے زیادہ سات سالوں کی کارکردگی کو بہتر بنایا جا سکے۔
(3) بشرطیکہ زراعت کھاتے، این جی اوز کمیونٹی آرگنائیزیشنز اور دوسرے معاون اداروں کی طرف سے قائم کئے گئے FOs اس ایکٹ کے تحت FOs سمجھی جائے گی۔
B. اتھارٹی اس عرصے کے دوراں جو کہ موزون ہو ہر کسی بھی صورت میں اس ایکٹ کے عمل میں آنے والی تاریخ سے ایک سال سے زائد نہ ہو۔ صوبے میں FOs کی تشکیل سے متعلقہ بائی لاز ضوابط شائع کرنے کا سبب سکتی ہے۔
C. FOs کے کام اور اختیارات۔
(1) مائنرز ڈسٹری بیوٹرز اور ڈرینز کے آبپاشی اور ڈرینج انفرا اسٹرکچر چلانے، انتظام کرنے اور ترقی کے ساتھ ساتھ اس سلسلے وار متعلقہ FO سے متعلقہ ایراضی میں کو انفرا اسٹرکچر کو بہتر بنانا۔
(2)مائنر یا ڈسٹری بیوٹری کے ہیڈ پر SIDA یا

AWB کی طرف سے آبپاشی پانی حاصل کرنے اور وہی پانی اپنے میمبرز اور دوسرے استعمال کرنے والوں کو فراہم کرنا، اگر کوئی ہوں۔

(3) اپنے پانی استعمال کرنے والوں سے ڈرینج ایفلوئنٹ وصول کرنا اور اسی فیلڈ کلکٹر ڈرینز کے ذریعے ڈرینج سسٹم کے لگائے ہوئے نوڈل پوائنٹس کو پہنچانا۔

(4) منظور شدہ پانی استعمال کرنے والے اپنے صارف سے اور منظور کیا گیا معاوضہ آبپاشی کے پانی کی فراہمی کا ادا کرنا اور ڈرینج ایفلوئنٹ کا SIDA اور متعلقہ AWB کو پہنچانا یا نیکال کرنے کا معاوضہ ادا کرنا۔

(5) کوئی بھی کنسلٹنٹس، صلاحکار اور ملازم مصروف کرنا ، معاوضے پر رکھنا یا ملازمت پر رکھنا، جیسا بھی ضروری سمجھے یا دوسری صورت میں اسی شرائط اور ضوابط کے اختیارات اور کام کاج کی موثر کارکردگی کے لئے مطلوب ہوں اور جیسا شرائط اور ضوابط کے مطابق بیان کیا گیا ہو، ختم کرنا یا وقت سے پہلے ہٹانا، ایسی مصروفیت وغیرہ سے کسی بھی کنسلٹنٹس ، صلاحکار یا ملازمین جیسا معاملہ ہو۔

(6) دوسرے کوئی اختیارات اور کام جو مندرجہ بالا اختیارات اور کام کے متضاد نہ ہو، جو اتھارٹی کی طرف سے بنائے گئے بائی لاز اور ضوابط کے مطابق FOs میں شامل ہوں۔

## باب -VIII
## رپورٹس او ر اسٹیٹمنٹس

27. (1) AWBs ،FOs اور اتھارٹی حکومت کو مالی سال پورا ہونے پر جتنا جلد ممکن ہوسکے۔ سات مہینے کا عرصہ پورا ہونے سے پہلے اور مالی سال کے دوراں سالانہ معاملات کے متعلق رپورٹ بھیجی جائے گی۔ اس سال کی آڈٹ کی گئی مالی اسٹیٹمنٹ سمیت جو سال زیر غور ہے۔

(2) حکومت مندرجہ ذیل اشیاء طلب کر سکتی ہے؛
(i) کوئی محصول، اسٹیٹمنٹ ، کھاتہ، شماریات یا اس ادارے کے ضوابط کے تحت کسی معاملے سے دوسری معلومات؛ یا
(ii) ایسے کسی معاملے کی رپورٹ؛ یا
(iii) ایسے ادارے کی تحویل میں کسی دستاویز کی نقل اور متعلقہ ادارا ہر ایسی درخواست پر عمل کرے گا۔
(3) اتھارٹی AWBs اپنی سالانہ رپورٹس ذیلی دفعہ (1) کے تحت پروجیکٹس کی مختصر تفصیل کے ساتھ شائع کروائیں گی۔ جو آنے والے مالی سال کے اندر کم از کم ایک انگریزی، اردو مقامی زبان کے اخبار میں شائع ہونگی۔

**باب -IX**
**متفرقات**

28. جہاں اتھارٹی گرانٹ میں کوئی نقصان اٹھاتی ہے یا پانی کے نرخ کی صورت میں یا ڈرینج سیس کی صورت میں، تو اتھارٹی کو نقصان کےعیوضی حکومت کی طرف سے ادائیگی کے جائے گی۔

29. (1) اس ایکٹ کی شروعات پر تمام اثاثے اور ذمہ داریاں اور تمام حق اور ایریگیشن اینڈ پاور ڈپارٹمنٹ کے آبپاشی ونگ کی تمام ذمہ داریاں اتھارٹی کی طرف منتقل ہو جائیں گی۔ خاص طور پر ایسی شرائط اور ضوابط کے مطابق بیان کئے گئے اثاثے استعمال کرنا اور نیکال کرنے کے متعلق حکومت کی طرف سے بیان کیا گیا ہو۔
(2) ایریگیشن اینڈ پاور ڈپارتمنٹ کی طرف سے آبپاشی ڈرینج اور سیلاب سے بچاوء کے متعلق کئے گئے تمام معاہدے اتھارٹی کی طرف سے کئے گئے معاہدے سمجھے جائیں گے۔
(3) تمام فیصلے اور یا دستاویز مینجنگ ڈائریکٹر اور یا کسی دوسرے ملازم یا اس سلسلے میں مینجنگ

ڈائریکٹر کی طرف سے بااختیار بنائی گئی اتھارٹی کے ملازمین کی طرف سے اتھارٹی کی طرف سے منتخب کئے گئے کو بااختیار بنایا جائے گا۔

(4) ایریگیشن اینڈ پاور ڈپارٹمنٹ گورنمنٹ آف سندھ حکومت کی طرف سے اتھارٹی کا کنٹرولنگ ڈپارٹمنٹ ہوگا۔

(5) کھاتے کے انتظامی نظام میں موجودانتظامیہ AWBs کی نئی انتظامیہ کے تعارف تک جاری رکھے گی۔

30. حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے قواعد بنا سکتی ہے۔

31. قواعد کے مطابق اتھارٹی حکومت کی منظوری سے اس ایکٹ کی گنجائشوں کو کارآمد بنانے کے لئے ضوابط بنا سکتی ہے۔

32. اگر اس ایکٹ کی کچھ گنجائشوں کو کارآمد بنانے میں کوئی رکاوٹ پیش آتی ہے تو حکومت ایسا حکم جاری کر سکتی ہے۔ جو اس ایکٹ کی گنجائشوں کے تصادم میں نہ ہو۔ جو ایسی رکاوٹ کو ہٹانے کو ہٹانے کے مقصد کے لئے ضروری ہوں۔

33. اس ایکٹ کی کچھ گنجائشوں اور کچھ دوسرے قوانین کے درمیان میں کسی تکرار یا بے اصولی کی صورت میں ایسی تکرار یا بے اصولی والے اس ایکٹ کی گنجائش کو ترجیح دی جائے گی۔

34. سندھ ایریگیشن اینڈ ڈرینج اتھارٹی آرڈیننس، 1997 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

**نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**